روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 23 اپریل 2005ء 13 ربیع الاول 1426 ہجری 23 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 89

انکار نہیں کیا

اسلام لانے کے جرم میں حضرت بلالؓ کو ان کا آقا امیہ بن خلف سخت گرمی میں دوپہر کے وقت تپتی ریت پر لٹا کر ان کے سینہ پر بھاری پتھر رکھ دیتا۔ اور کہتا اگر زندگی چاہتے ہو تو اللہ کا انکار کر دو مگر آپ اس حالت میں بھی احد احد کہتے چلے جاتے یہاں تک کہ حضرت ابوبکرؓ نے آپ کو اس شدید اذیت میں مبتلا دیکھا تو خرید کر آزاد کر دیا۔

(اسد الغابہ جلد2 صفحہ 9 ابن اثیر)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اگر تمہاری زندگی اور تمہاری موت اور تمہاری ہر ایک حرکت اور تمہاری نرمی اور گرمی محض خدا کے لئے ہو جائے گی اور ہر ایک تلخی اور مصیبت کے وقت تم خدا کا امتحان نہیں کرو گے اور تعلق کو نہیں توڑو گے بلکہ آگے قدم بڑھاؤ گے تو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ تم خدا کی ایک خاص قوم ہو جاؤ گے۔ تم بھی انسان ہو جیسا کہ میں انسان ہوں۔ اور وہی میرا خدا تمہارا خدا ہے۔ پس اپنی پاک قوتوں کو ضائع مت کرو۔ اگر تم پورے طور پر خدا کی طرف جھکو گے تو دیکھو میں خدا کی منشاء کے موافق تمہیں کہتا ہوں کہ تم خدا کی ایک قوم برگزیدہ ہو جاؤ گے۔ خدا کی عظمت اپنے دلوں میں بٹھاؤ۔ اور اس کی توحید کا اقرار نہ صرف زبان سے بلکہ عملی طور پر کرو تا خدا بھی عملی طور پر اپنا لطف و احسان تم پر ظاہر کرے۔ کینہ وری سے پرہیز کرو۔ اور بنی نوع سے سچی ہمدردی کے ساتھ پیش آؤ۔ ہر ایک راہ نیکی کی اختیار کرو۔ نہ معلوم کس راہ سے تم قبول کئے جاؤ۔

تمہیں خوشخبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے۔ ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے۔ اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں۔ وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے موقعہ ہے کہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں۔

یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا۔ تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج ہو جو زمین میں بویا گیا خدا فرماتا ہے کہ یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر ایک طرف سے اس کی شاخیں نکلیں گی۔ اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا۔ پس مبارک وہ جو خدا کی بات پر ایمان رکھے اور درمیان میں آنے والے ابتلاؤں سے نہ ڈرے کیونکہ ابتلاؤں کا آنا بھی ضروری ہے تا خدا تمہاری آزمائش کرے کہ کون اپنے دعوئے بیعت میں صادق اور کون کاذب ہے۔ وہ جو کسی ابتلاء سے لغزش کھائے گا وہ کچھ بھی خدا کا نقصان نہیں کرے گا اور بدبختی اس کو جہنم تک پہنچائے گی۔ اگر وہ پیدا نہ ہوتا تو اس کے لئے اچھا تھا۔ مگر وہ سب لوگ جو اخیر تک صبر کریں گے اور ان پر مصائب کے زلزلے آئیں گے۔ اور حوادث کی آندھیاں چلیں گی اور قومیں ہنسی اور ٹھٹھا کریں گی اور دنیا ان سے سخت کراہت کے ساتھ پیش آئے گی۔ وہ آخر فتحیاب ہوں گے اور برکتوں کے دروازے ان پر کھولے جائیں گے۔

خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ میں اپنی جماعت کو اطلاع دوں کہ جو لوگ ایمان لائے ایسا ایمان جو اس کے ساتھ دنیا کی ملونی نہیں اور وہ ایمان نفاق یا بزدلی سے آلودہ نہیں اور وہ ایمان اطاعت کے کسی درجہ سے محروم نہیں ایسے لوگ خدا کے پسندیدہ لوگ ہیں۔ اور خدا فرماتا ہے کہ وہی ہیں جن کا قدم صدق کا قدم ہے۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 308)

خصوصی درخواست دعا

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ (اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب) کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع یہ ہے کہ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ان کا آپریشن ہو چکا ہے۔ جو بظاہر کامیاب اور تسلی بخش ہے۔ احباب جماعت خصوصی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

☆ محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب (حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے بھائی) کا چند دن پہلے الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں پھیپھڑے کا آپریشن ہوا تھا۔ جو الحمدللہ کامیاب رہا تھا۔ لیکن نمونیہ کے حملہ کی وجہ سے طبیعت خاصی بگڑ گئی تھی۔ مگر کچھ سنبھلنے کے بعد پھر خراب ہو گئی ہے اور اب حالت قابل فکر ہے۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

مدرسۃ الحفظ طلباء میں داخلہ

مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2005ء کیلئے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ 21 جولائی 2005ء ہے۔ والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچہ کے داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ ارسال کریں۔

1۔ نام۔ ولدیت۔ تاریخ پیدائش۔ ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)

2۔ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

(باقی صفحہ 12 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 338)

مقدمہ اور بحث سے کنارہ کشی کا ارشاد مبارک

مولوی محمد یحیٰ صاحب آف دیپ گراں ضلع ہزارہ ڈاکخانہ مانسہرہ حضرت مسیح موعود کے وہ عاشق صادق تھے جنہوں نے 23 جنوری 1900ء کو بذریعہ مکتوب حضرت اقدس کی خدمت میں حافظ نور محمد صاحب اصل متوطن گڑھی امازئی مقیم کوٹھہ کے بارہ میں یہ ایمان افروز روایت پہنچائی کہ حضرت پیر کوٹھہ شریف نے فرمایا ''ہم اب کسی اور زمانہ میں ہیں'' نیز مولوی حمید اللہ صاحب ملاسوات کی شہادت تحریری کے مطابق پشتو زبان میں انکشاف فرمایا '' چہ مہدی پیدا شوے وے او وقت وظہورندے''یعنی مہدی موعود پیدا ہو گیا ہے لیکن ابھی ظاہر نہیں ہوا۔

اس الہامی خبر کے کچھ عرصہ بعد حضرت پیر صاحب انتقال فرما گئے

(تحفہ گولڑویہ۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 147-148)

محمد یحیٰ صاحب پر مامور الزمان کے دست مبارک پر بیعت کے بعد مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑے آپ کوہ استقلال بنے رہے اور امام وقت کی شمع کے پروانے بنے رہے۔ مگر افسوس 1914ء میں آپ غیر مبایعین سے وابستہ ہو گئے۔ اور جنوری 1945ء کو خالق حقیقی کے حضور پہنچ گئے۔

(تذکرہ انصار احمدیہ حصہ اول ص 291 ناشر انجمن اشاعت جماعت لاہور)

مولوی صاحب نے حضرت مسیح موعود کی خدمت اقدس میں لکھا کہ ''ہمارے گاؤں میں چند آدمی سخت عداوت سے تکالیف دیتے رہتے ہیں اور کئی قسم کی شرارت و جھوٹی گواہی و مقدمات و شرارت سے نہیں ٹلتے بلکہ موجب ثواب سمجھتے ہیں ....

ایک ہزار روپیہ کی ضمانت لی ہوئی ہے ہر وقت اس کی ضبط کرانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ ان کے شر سے محفوظ رکھے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو اپنی رضا میں رکھے۔ آمین''

حضور انور نے اس کے جواب میں اپنے قلم مبارک سے رقم فرمایا

''میں ان سب امور کے لئے انشاء اللہ دعا کروں گا۔ خدا تعالیٰ سب میں ان کو کامیاب کرے آمین لیکن اس بات سے سن کر تعجب ہوا کہ آپ کی ہزار روپیہ کی ضمانت کیوں لی گئی اور کس مدت تک لی گئی ہے یہ امر درحقیقت خطرناک ہے **آپ کو چاہئے کہ ہر ایک مقدمہ اور بحث سے کنارہ کش رہیں تا ایسا نہ ہو کہ خواہ مخواہ کوئی الزام نہ لگا دیں بلکہ بہتر ہے کہ اس مدت تک جو میعاد ضمانت ہے اس جگہ سے علیحدہ رہیں** کیونکہ یہ لوگ سخت مفسد ہیں ایسا نہ ہو کہ پولیس والوں سے سازش کر کے آپ کو پھنسانا چاہیں نا معلوم دوسری طرف ضمانت لی گئی ہے یا نہیں بہر حال بات خطرناک ہے۔ خدا حافظ

والسلام مرزا غلام احمد''

اسی سلسلہ میں حضرت اقدس کی خدمت اقدس میں مسلسل کئی خطوط موصول ہوئے جن کا جواب حضور کے حکم سے حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے حسب ذیل الفاظ میں ارسال کیا۔

''برادرم مکرم مولوی محمد یحیٰ صاحب .... آپ کا خط حضرت کی خدمت میں پہنچا حضرت نے آپ کے واسطے دعا کی آپ دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے دعا میں مصروف رہیں اور احتیاط اور صبر سے کام لیں۔ **خدا تعالیٰ خود بخود سب کو ہلاک کر دے گا۔ جو شخص خود انتقام نہیں لیتا اس کا انتقام خدا لیتا ہے۔ آپ کے علاقہ کے لوگ بہت سخت ہیں ایسا ہی آپ کا ثواب بھی بہت زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل آپ کے شامل حال ہو۔**

والسلام

خادم

محمد صادق عفی اللہ عنہ''

ان دونوں تاریخی خطوط کے علاوہ دیگر کئی مقدس مکاتیب کے عکس بھی آپ کے صاحبزادہ جناب ڈاکٹر سعید احمد صاحب کی گرانقدر مساعی کے طفیل اخبار ''پیغام صلح'' لاہور 14-21 مئی 1980ء صفحہ 10 تا 12 پر اگلی نسلوں کے لئے ریکارڈ ہو چکے ہیں اور قابل دید ہیں۔

حضرت مسیح موعود کی دائمی وصیت یہ ہے کہ

اے مرے پیار وشکیب و صبر کی عادت کرو
وہ اگر پھیلائیں بدبو تم بنو مشک تتار
گالیاں سن کر دعا دو پا کے دکھ آرام دو
کبر کی عادت جو دیکھو تم دکھاؤ انکسار

درخواست دعا

مکرم ندیم احمد باسط صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے تایا چوہدری عبدالغنی صاحب جرمنی کے ایک پھوڑا نکلا تھا۔ ان کا تین دفعہ آپریشن ہو چکا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے فضل سے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

پروگرام عشرہ تعلیم القرآن

تمام احباب جماعت مرد و زن اور بچے درج ذیل پروگرام کو کامیاب کرنے کیلئے اپنے عہدیداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

☆ باجماعت نماز کا اہتمام کیا جائے۔ سست احباب کو بیوت الذکر میں لایا جائے۔ انصار، خدام اور اطفال اپنے اپنے ممبران کو پابند کرنے کی کوشش کریں۔ لجنہ اماء اللہ اور ناصرات اپنے پروگرام کے ماتحت ان کی نگرانی کریں۔

☆ ہر فرد جماعت جو ناظرہ قرآن کریم جانتا ہے بلاناغہ روزانہ کم از کم دو رکوع تلاوت کرے۔ مترجم قرآن سے اس کا ساتھ ساتھ ترجمہ بھی پڑھے۔ ہر تنظیم اس کی نگرانی کرے۔

☆ اطفال و ناصرات کو آخری پارہ کی کم از کم دس سورتیں زبانی یاد کروائی جائیں۔

☆ ذیلی تنظیمیں اپنی تجنید کے لحاظ سے جائزہ لیں کہ گزشتہ سال یسرنا القرآن، قرآن کریم اور ترجمہ کے سلسلہ میں ہم نے کیا حاصل کیا، کیا ترقی کی، کیا سو فیصد ناظرہ جاننے والوں کا ٹارگٹ حاصل کر لیا ہے؟ اور اس مقصد میں جو روکیں ہیں ان کو مقامی طور پر حاصل کرنے کی تجاویز اور کوششوں کو عمل میں لانے کا عزم کریں۔

☆ آخری دن ساری جماعت کا جلسہ عام ہو اور ذیلی تنظیمیں اپنی کارگزاری کی سالانہ رپورٹس پیش کریں اور نظارت ہذا کو مفصل رپورٹ بھجوائیں۔

☆ احباب جماعت کو وقف عارضی کی تحریک کر کے زیادہ سے زیادہ احباب کو دوسری جماعتوں میں واقفین عارضی بھجوائیں جو وہاں تعلیم القرآن کا جائزہ لیں اور کلاسیں منظّم کریں۔

☆ لجنہ اماء اللہ مقامی وقف کر کے احمدی بہنوں سے رابطہ کریں اور ان کو دین کی ذمہ داریاں یاد دلائیں۔ آخری اجلاس میں مہمانوں کو بھی بلا سکتے ہیں اور برکات قرآن و فضائل قرآن اور ہماری ذمہ داریاں بیان کی جائیں۔

☆ اطفال و ناصرات کو قرآن کریم کے متعلق حضرت مسیح موعود کی نظمیں اور اشعار یاد کرنے کی تحریک کریں اور مقابلہ کروائیں۔ اطفال و ناصرات کو انعامات بھی دیئے جائیں۔

☆ اس عشرہ میں ہر جماعت اپنے تمام افراد کا جائزہ لے کر قرآن کریم ناظرہ اور ترجمہ سکھانے کا پروگرام وضع کرے۔

نوٹ: جماعتیں اپنی سہولت کے پیش نظر عشرہ کی تاریخیں مقرر کر سکتی ہیں۔

(نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی)

نمایاں کامیابی

عزیزم رانا مجاہد احمد صاحب واقف نو حوالہ نمبر A-6609 ابن مکرم رانا حاکم جمیل صاحب ساکن خوشاب نے جماعت ہشتم کے بورڈ کے امتحان میں 727/800 نمبر حاصل کر کے ضلع خوشاب میں اول پوزیشن حاصل کرنے کے علاوہ سابقہ ریکارڈ 712/800 کو توڑ کر ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ نیز عزیزم کو ایک تقریب میں احسان اللہ ٹوانہ صاحب ناظم ضلع نے کئی اعلیٰ سرکاری افسران کی موجودگی میں اعزاز سے نوازا۔ احباب جماعت سے عزیزم کے لئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی یہ کامیابی آئندہ عظیم الشان کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ (آمین)

سانحہ ارتحال

☆ مکرم سرفراز احمد صاحب گلشن اقبال کراچی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے والد مکرم محمد جمیل چغتائی صاحب ابن مکرم محمد بشیر چغتائی صاحب گلشن اقبال غربی کراچی مورخہ یکم اپریل 2005ء کو بعمر 74 سال بوجہ کینسر وفات پا گئے ہیں۔ آپ کی نماز جنازہ مورخہ 2 اپریل 2005ء کو بیت الرحیم میں ادا کی گئی اور بعد ازاں ''باغ احمد'' کراچی میں تدفین ہوئی۔

مکرم محمد جمیل چغتائی صاحب 2 اگست 1931ء کو قادیان میں پیدا ہوئے۔ آپ مکرم منشی روشن دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے اور مکرم نیاز محمد صاحب کے نواسے تھے۔ آپ نے بحیثیت معتمد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع کراچی اور دیگر عہدوں پر خدمت دین کی توفیق پائی۔ آپ نے اپنی اہلیہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور ایک بیٹا سوگوار چھوڑے ہیں۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

☆ مکرم انوار الحق صاحب لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مہوش انوار بعمر 8 سال گزشتہ چند دنوں سے بعارضہ بخار بیمار ہے۔ گلے اور چھاتی کے انفیکشن کی وجہ سے بخار میں کمی نہیں ہو رہی۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بچی کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور ہر پریشانی سے محفوظ رکھے۔ آمین

محترم ڈاکٹر سلطان احمد صاحب مبشر

حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر رام پور کے ایک علمی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ 1868ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے دو چھوٹے بھائیوں مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی نے ہندوستان کی سیاست میں بھرپور حصہ لیا اور مسلمانوں کے عظیم راہنماؤں کے طور پر اپنا نام پیدا کیا۔ دوسری طرف حضرت مولانا ذوالفقار علی خان گوہر نے اپنے وقت کے امام حضرت مسیح موعود کو شناخت کیا اور اپنا ہاتھ ان کے ہاتھوں میں دینے کی سعادت حاصل کر کے اپنا نام ہمیشہ ہمیش کے لئے امر کر لیا۔

احمدیت سے آپ کا ابتدائی تعارف 1888ء میں ہوا جب ریاض الاخبار گورکھپور میں مسٹر الیگزینڈر رسل ویب سفیر امریکہ کے نام حضرت مسیح موعود کا خط پڑھا۔ 1900ء میں مولوی تفضّل حسین صاحب کے ذریعہ حضرت مسیح موعود کی کتاب ''ازالہ اوہام'' پڑھنے کو ملی جس سے حضور اقدس کے دعاوی دلائل کی تفصیل معلوم ہوئی۔ کتاب پڑھ کر آپ نے فوراً بیعت کا خط لکھ دیا۔

حضرت مسیح موعود کی ملاقات کی غرض سے مئی 1902ء میں آپ میرٹھ سے قادیان کے لئے روانہ ہوئے۔ بٹالہ پہنچ کر آپ کو معلوم ہوا کہ حضور گورداسپور میں تشریف فرما ہیں۔ چنانچہ آپ بٹالہ سے گورداسپور روانہ ہوئے۔ گورداسپور پہنچ کر حضور سے اپنی ملاقات کا حال آپ ان الفاظ میں سناتے ہیں:۔

''کچہری کے پاس لوگ حضور کی آمد کے منتظر تھے۔ حضور رتھ میں تشریف لائے۔ پردہ اٹھا تو حضور نے مجھے دیکھ کر میرا نام لے کر آواز دی۔ میں نے قریب جا کر السلام علیکم کہا۔ مصافحہ کیا اور ساتھ ہو لیا۔ حضور سڑک کے کنارے شیشم کے درختوں کے نیچے فرش پر بلا تکلف بیٹھ گئے۔ 4 بجے شام حضور واپس مکان پر تشریف لے گئے''۔

حضرت مولانا ذوالفقار علی خان صاحب گوہر حضرت مسیح موعود کے اپنے خدام سے تعلق کے ضمن میں فرماتے ہیں:۔

''جن دنوں میں قادیان آیا ہوا تھا اس عرصہ میں حضور سیر کو تشریف لے جاتے تو مجھے بھی اندر سے خبر بھیج دیتے تاکہ میں تیار ہو کر ساتھ ہو لوں۔ میرا قیام ان دنوں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے لب کوچہ کمرہ میں تھا۔ ایک دن حافظ حامد علی صاحب جو مہمان نواز تھے آئے اور کہا کہ میں ناشتہ لاتا ہوں کہیں جانا نہیں۔ میں نے کہا اچھا لے آؤ۔ وہ ابھی آنے نہ پائے تھے کہ حضرت صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب نے جو اس وقت چھوٹے تھے مکان کے اندر دیوار پر سے کہا حضرت صاحب فرماتے ہیں میں سیر کے لئے باہر جاتا ہوں۔ آپ تیار ہو جائیں۔ میں فوراً کوٹ پہن کر بیت مبارک کی چھوٹی سیڑھیوں کے دروازہ پر آ کھڑا ہوا۔ حضور مکان سے باہر تشریف لائے۔ میں نے مصافحہ کیا۔ ابھی حضور کھڑے ہی تھے کہ میاں حامد علی چائے بسکٹ لئے ہوئے میری قیام گاہ سے لوٹے اور کہا ناشتہ کر لیجئے۔ میں نے کہا رکھ دیجئے واپسی پر کر لوں گا۔ حضور نے فرمایا نہیں ناشتہ کر کے گھر سے نکلنا چاہئے۔ میں نے پھر عرض کیا کہ لوٹ کر کر لوں گا۔ مجھے خاص طور پر جلد ناشتہ کرنے کی عادت نہیں ہے۔ فرمایا نہیں ہم دفتر میں بیٹھ جائیں گے آپ ناشتہ کر لیں۔ بیت مبارک کے نیچے محاسب کے پیچھے جو کمرہ ہے وہ خالی تھا۔ حضور وہاں کرسی پر بیٹھ گئے اور فرمایا آپ ناشتہ کر لیں۔ میں نے جلدی سے چائے میں ایک بسکٹ ڈال کر ناشتہ کر لیا اور حضور کو اطلاع کی۔

اللہ اللہ مامور زمانہ نے کس طرح اپنے ایک خادم کی مہمان نوازی اور دلداری کی خاطر اپنے قیمتی وقت کا حصہ صرف فرمایا۔

اسی دن سیر کے دوران جب حضرت مسیح موعود نواں پنڈ کی طرف تشریف لے گئے تو آپ نے خان صاحب کو مخاطب کر کے فرمایا ''تحصیلدار صاحب آپ دیکھیں گے کہ یہاں تک (قادیان کی) آبادی آ جائے گی''۔ حضرت مسیح موعود کے اس ارشاد میں کئی پیشگوئیاں مضمر تھیں۔ ایک تو یہ کہ قادیان کی آبادی پھیل کر وہاں تک جا پہنچے گی۔ دوسرے یہ کہ حضرت خان صاحب کی زندگی میں ہی ایسا ہوگا اور وہ اس وقت تک بقید حیات رہیں گے جب تک کہ قادیان کی آبادی وہاں تک پہنچے گی۔

مامور زمانہ کے منہ سے نکلے ہوئے یہ الفاظ کمال شوکت سے پورے ہوئے۔

حضرت مسیح موعود اپنے خدام سے جس شفقت کا سلوک فرماتے ہیں حضرت خان صاحب ذوالفقار علی خان اپنے حوالے سے یہ واقعہ بیان کرتے ہیں:۔

''جب میری رخصت کی مدت ختم ہونے لگی اور مجھے شام کی گاڑی سے جانا تھا حضرت سے اجازت لینے کی ہمت نہیں پڑتی تھی۔ ہر چند کوشش کرتا تھا مگر جرأت نہ تھی اور غم سے بات تک منہ سے نہ نکلتی تھی۔ حضور بیت الدعا سے برآمد ہو کر پلنگ پر جو بیت الدعا کے ساتھ ہی تھا بیٹھ گئے اور دوست احباب بھی بغلی اور مقابل والی چارپائی پر بیٹھ گئے۔ لوگ حضور سے گفتگو میں مصروف تھے۔ میں نے اپنی حالت زار سے مجبور ہو کر حضور کی پشت کی طرف والی پلنگ کی پٹی پر سر رکھ دیا۔ اپنے رونے کی حالت کو بہت ضبط کرنا چاہا مگر ضبط نہ کر سکا اور میرے رونے کی آواز حضور نے سن لی۔ معاً پلٹ کر دیکھا۔ میرے سر سے ٹوپی گری ہوئی تھی۔ حضور نے دیر تک میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔ صبر کی تلقین فرمائی اور کہا گھبرائیں نہیں۔ میں آپ کے لئے دعا کرتا رہوں گا۔ خدا آپ کے ساتھ ہو۔ میں نے اسی حالت گریہ میں واپس جانے کی اجازت چاہی۔ حضور نے فرمایا بے شک جایئے۔ مجھے خط لکھتے رہا کریں۔ میں دعائیں کروں گا۔ حضور جب میرے سر پر ہاتھ پھیر رہے تھے تو مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا میرے سر سے مصیبتوں کے پہاڑ دور ہو رہے ہیں۔ دل کو اس قدر ٹھنڈک پہنچ رہی تھی کہ میں لفظوں میں بیان نہیں کر سکتا۔ حضور بار بار یہی فرماتے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔ بالآخر میں بادل حزیں حضور سے رخصت ہو کر میرٹھ واپس پہنچا۔''

حضرت خان صاحب ذوالفقار علی خان گوہر کو یہ امتیازی خصوصیت حاصل ہے کہ حضرت مسیح موعود نے نواب رام پور کے نام ایک خط تحریر فرمایا اور خان صاحب کو یہ سعادت بخشی کہ یہ خط ان تک پہنچائیں اور تاکید فرمائی کہ یہ خط تنہائی میں دیا جائے۔ چنانچہ آپ نے یہ خط نواب صاحب رام پور کو پیش کیا جس کے جواب میں نواب صاحب رامپور نے لکھا کہ دل کی کھڑکی اللہ تعالیٰ کی طرف سے کھلتی ہے۔ مجھے اہل بیت نبویؐ سے محبت ہے۔ آپ میرے لئے دعا کریں۔ یہ جواب حضرت خان صاحب نے ہی حضرت مسیح موعود کی خدمت بابرکت میں پیش کیا۔

فنانشل کمشنر صاحب کی قادیان آمد کے موقع پر سیدنا حضرت مسیح موعود نے آپ کو بھی قادیان ٹھہرنے کا ارشاد فرمایا چنانچہ آپ ارشاد کی تعمیل میں قادیان ٹھہرے رہے۔ اسی موقع پر کمشنر صاحب کو حضرت مسیح موعود نے کھانے کی دعوت دی۔ دعوت کے سلسلہ میں حضور نے مشورہ کے لئے بعض احباب کو طلب فرمایا۔ ان میں آپ بھی شامل تھے۔ آپ کی رائے کو حضور نے قبولیت کی نظر سے دیکھا اور آپ کے مشورہ پر حضور نے فرمایا کہ تحصیلدار صاحب (یعنی خان صاحب) بھی اہل الرائے ہیں اور یہی درست ہے۔ ایسا ہی ہونا چاہئے۔ چنانچہ اس مشورہ پر عمل ہوا۔

حضرت خان صاحب کے ایک دوست خواجہ غلام الثقلین صاحب نے جو علی گڑھ میں آپ کے کلاس فیلو رہے تھے اور مالیر کوٹلہ میں جج کے عہدے پر تعینات تھے آپ کو لکھا کہ ایک مشہور مجتہد عراق سے تشریف لائے ہیں آپ ان سے آ کر ملیں۔ حضرت خان صاحب نے جواباً تحریر کیا کہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی امام وقت ہیں۔ آپ کی بیعت کے بعد کسی مجتہد کی کوئی حیثیت ہی نہیں۔ آپ اور مجتہد صاحب حضرت امام منتظر کی بیعت سے نور حاصل کریں اور فوراً قادیان پہنچیں۔ اس پر خواجہ صاحب نے اپنے رسالہ ''عصر جدید'' میں ایک مضمون لکھا اور حضرت بانی سلسلہ پر کچھ اعتراضات کئے۔ حضرت خان صاحب نے اس مضمون کا جواب لکھا اور حضرت مسیح موعود کو سنایا۔ حضور نے اس میں تھوڑی سی اصلاح فرمائی اور کہا ''خواجہ کمال الدین صاحب نے بھی اس بارے میں ایک مضمون لکھا ہے مگر ہندوستانیوں کی اردو میں جو رنگینی ہے (یا کوئی ایسا ہی لفظ فرمایا جس کا اظہار چٹخارے سے ہوتا ہے) وہ دوسروں میں نہیں ہوتی''۔ حضور نے حضرت مفتی محمد صادق صاحب ایڈیٹر اخبار بدر سے فرمایا کہ اسے شائع کر دیں چنانچہ اسے شائع کر دیا۔

خدمات سلسلہ

1918ء میں جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے وقف زندگی کی تحریک فرمائی تو حضرت خان صاحب نے بھی اپنا نام پیش کر دیا۔ پھر 1920ء میں پنشن لے کر اور اپنے عیش و آرام کو ترک کر کے قادیان کی چھوٹی سی بستی میں دھونی رما کر بیٹھ گئے اور فقیرانہ زندگی اختیار کر لی۔ قادیان میں کئی سال ناظر امور عامہ اور بعد ازاں ناظر اعلیٰ کے عہدوں پر فائز ہوئے۔

1930ء میں نواب رضا علی خان والئی رامپور نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں حضرت خان صاحب کی خدمات حاصل کرنے کی اجازت چاہی۔ حضور نے کمال شفقت سے اجازت مرحمت فرمائی۔ اس موقع پر ایک الوداعی تقریب صدر انجمن احمدیہ قایان میں منعقد ہوئی۔ آپ اس وقت ناظر اعلیٰ تھے۔ دعوت طعام میں ایڈریس پیش کیا گیا جس میں کہا گیا ''خان صاحب ایک عرصہ تک ناظر امور عامہ اور اس کے بعد کئی سال ناظر اعلیٰ کے عہدے پر فائز رہے .... اپنے محکمانہ کام کا تجربہ جو آپ نے سرکاری اور ریاستی ملازمت کے دوران حاصل کیا تھا ہمارے دفاتر کے بہت سے مسائل طے کرنے میں مفید اور کار آمد ثابت ہوا اور باوجود پیرانہ سالی اور بہت سے خانگی تفکرات کے جس شوق، اخلاص، جانفشانی اور شگفتگی سے آپ نے اپنے فرائض کو سرانجام دیا ہے وہ تعریف

اورشکریہ کا مستحق ہے‘‘۔
(الفضل 16/اگست 1930ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اس الوداعی دعوت کے موقع پر فرمایا:۔

’’میں خان صاحب کی ان خدمات سلسلہ کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا جوانہوں نے دس سال تک باوجود پیرانہ سالی کے ادا کیں۔ 1918ء میں جب کہ میں نے وقف زندگی کا اعلان کیا تھا چوہدری نصراللہ خان صاحب مرحوم ومغفور اور خان صاحب دونوں نے اپنی زندگی وقف کی تھی .... خان صاحب نے بھی نہایت عسرت سے گزارہ کرکے جس اخلاص سے کام کیا ہے میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کی قدر کرے گا اوران کی یہ قربانی ضائع نہیں جائے گی۔ اب وہ میری اجازت اور میری منشاء کے مطابق رامپور جارہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں وہاں بھی سلسلہ کی خدمات کی توفیق عطافرماتا رہے۔‘‘ (الفضل 21/اگست 1930ء)

محترم خان صاحب حضور کے ارشاد پر رامپور تو چلے گئے مگران کا دل نہ لگتا تھا۔ جب 5 سال گزر گئے تو استعفیٰ دے کر پھر مرکز سلسلہ میں آبیٹھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے تحریک جدید میں نظامت جائیداد اور تجارت کا کام سپرد کیا جو آپ نے تقسیم ملک 1947ء تک سرانجام دیا۔ پاکستان آنے کے بعد چلنے پھرنے سے معذور ہوگئے تھے اس لئے مجبوراً جماعتی کاموں سے فراغت حاصل کرلی۔ سلسلہ کی خدمات کے دوران حضرت خان صاحب کو کئی مرتبہ اہم جماعتی وفود میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی۔ چنانچہ جون 1921ء میں وائسرائے ہند لارڈ ریڈنگ کے ساتھ ملاقات کی۔ فروری 1922ء میں شہزادہ ویلز کی خدمت میں تحفہ پیش کرنے والے وفد میں شمولیت فرمائی۔ مئی 1924ء دسمبر 1927ء اورفروری 1930ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ جلسوں میں جماعت احمدیہ کے نمائندہ کی حیثیت سے شمولیت فرمائی۔

1925ء اور 1927ء میں جماعت احمدیہ کی نمائندگی میں آل مسلم پارٹیز کانفرنسز میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔ مارچ 1928ء میں سائمن کمیشن سے ملاقات کرنے والے جماعت احمدیہ کے وفد میں شامل تھے۔ اس کے علاوہ 1924ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی معیت میں انگلستان جانے والے وفد میں شامل تھے جس کی قدرے تفصیل آگے آئے گی۔

امتیازی خصوصیت

کئی مرتبہ خان صاحب ذوالفقارعلی خان صاحب گوہر سے پوچھا گیا کہ آپ کے چھوٹے بھائیوں (مولانا شوکت علی اور مولانا محمد علی جوہر) نے ہندوستان کی آزادی کے لئے بڑی جدوجہد کی اور شہرت پائی۔ آپ نے اس کار خیر میں کیوں حصہ نہ لیا؟ آپ اس کا ہمیشہ یہ جواب دیتے تھے کہ چھوٹے بھائیوں نے خدمت کا ایک چھوٹا سا میدان یعنی ایک ملک کی آزادی کو اپنا مطمح نظر بنایا۔ میں بڑا ہوں خدا نے مجھے بڑے کام یعنی ساری دنیا کو شیطان سے آزادی دلانے کی تحریک میں حصہ لینے کی توفیق عطا کی۔ یہ خدا کا فضل ہے، وہ جس کو چاہتا ہے اپنے فضلوں سے نوازتا ہے۔ جہاں تک عزت اور نیک نامی کا تعلق ہے اس میں بھی میں اپنے بھائیوں سے سبقت لے گیا ہوں۔ .... مجھے ایک خصوصی شرف حاصل ہے جس میں صرف ایک اور شخص شریک ہے۔

آخری زمانہ میں مسیح موعود کے دمشق میں مینار بیضاء کے قریب دوفرشتوں کی معیت میں اترنے کی پیشگوئی تھی یہ پیش گوئی 1924ء میں اس طرح پوری ہوئی کہ اس سال انگلستان میں مذاہب عالم کی ایک بین الاقوامی کانفرنس ہوئی جو ویمبلے کانفرنس کے نام سے معروف ہے۔ اس کانفرنس میں حضرت مصلح موعود کو بھی شرکت کی دعوت موصول ہوئی جسے حضور نے قبول فرمایا اور چند خدام کی ہمراہی میں شرکت کے لئے انگلستان روانہ ہوئے۔ دوران سفر حضور نے چند روز دمشق میں بھی قیام فرمایا۔ حضرت خان صاحب اس سفر کے دوران چیف سیکرٹری کی حیثیت سے ہمرکاب تھے۔ اتفاق سے دمشق کے کسی موزوں ہوٹل میں اتنی جگہ نہ مل سکی جہاں قافلہ کو یکجا ٹھہرایا جا سکے۔ مجبوراً صرف دو خدام یعنی حضرت خان صاحب اور حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب جو حضور کے طبیب خاص تھے، حضور کے ساتھ ایک ہوٹل کی بالائی منزل میں ٹھہرے اور باقی افراد قافلہ دوسرے ہوٹل میں۔ اس کے بعد کی تفصیل حضرت خان صاحب کی زبانی سنئے!

’’صبح کی نماز کے بعد جب حضور نے سلام پھیرا تو سامنے مسجد کا ایک سفید مینار نظر آیا۔ معاً حضور کا خیال منارۃ البیضاء والی پیشگوئی کی طرف گیا اور حضور نے فرمایا آج وہ پیشگوئی پوری ہوگئی۔ اس وقت دو فرشتہ سیرت خدام میرے ساتھ ہیں اور ہم مینار بیضاء کے قریب اترے ہوئے ہیں۔ انبیاء کی بعض پیشگوئیاں خلفاء کے زمانہ میں بھی پوری ہوتی ہیں جیسے قیصروکسریٰ کے خزانے ملنے کی پیشگوئی حضرت عمرؓ کے زمانہ میں پوری ہوئی۔ جس کو ’’فرشتہ‘‘ کا خطاب ملے اس کی خوش بختی کے کیا کہنے۔ کروڑوں بادشاہتیں اس پر قربان۔ اس عاجز کو حضور نے ہی اس خطاب سے نوازا۔

سیرت وخصائل

حضرت خان صاحب نہایت صفائی پسند تھے۔ ہمیشہ صاف ستھرا لباس زیب تن فرماتے۔ ملازمت کے ابتدائی دور میں سوٹ پہنتے تھے لیکن بعدازاں وفات تک شیروانی اور چوڑی دار پاجامہ پہنتے رہے۔ دونوں لباس آپ کے جسم پر خوب سجتے تھے۔ طبیعت میں نفاست کوٹ کوٹ کربھری تھی۔ عطر لگانے کا بھی شوق تھا۔ کئی قسم کے عطر بالخصوص موتیا، چنبیلی اور خس استعمال کرتے تھے۔ ان کے ہر کام میں بڑا سلیقہ اور رکھ رکھاؤ نظر آتا تھا بہت مہمان نواز تھے۔ کوئی مہمان آتا تو اس کی خوب تواضع کرتے۔ نوکروں اور ماتحتوں سے بڑی خوش خلقی سے پیش آتے اور انہیں کبھی شکایت کا موقع نہ دیتے تھے۔ خاندان کا بڑا ہونے کے لحاظ سے مناسب موقعوں پر سب عزیزوں کو دعوت دے کر بلاتے اوران سے حسن سلوک سے پیش آتے اس لئے سب ہی ان کا احترام کرتے۔ ایک عرصہ تک مولانا شوکت علی صاحب اور آپ ایک ہی مکان میں رہتے تھے۔ والدہ آبادی بیگم جو بعد میں ’’بی اماں‘‘ کے نام سے سارے ہندوستان میں مشہور ہوئیں مکان کے الگ دوسرے حصہ میں رہتی تھیں۔ درمیانی دروازے ہروقت کھلے رہتے اور آنا جانا رہتا۔ گویا سب کی ایک ہی فیملی کی طرز پر رہائش تھی۔ مذہبی اختلافات کی وجہ سے کبھی گھر میں بدمزگی ہوتے نہیں دیکھی گئی۔

آپ نہایت رقیق القلب تھے۔ اپنے مولا کے حضور جھک کر روتے اور مناجات کرتے۔ آپ کی طبیعت میں انکساری کے ساتھ ساتھ شگفتگی بہت تھی۔ ہرایک سے خندہ پیشانی اور تپاک سے ملتے۔ باتوں میں شیرینی اور مزاح کا پہلو بھی ہوتا تھا۔ جس مجلس میں چلے جاتے اسے باغ وبہار بنادیتے بچوں میں بچے بن جاتے اور جوانوں میں جوان۔ ان کی کھیلوں میں مزے سے شریک ہوتے۔ کرکٹ میچ ہوتے توان میں حصہ لیتے اور علی گڑھ کی روایات کو برقرار رکھتے۔

آپ کو شکار اور باغبانی کا بہت شوق تھا۔ شعرو شاعری بھی ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ آپ اچھے شاعر تھے۔ داغ دہلوی کے اولین شاگردوں میں سے تھے۔ اپنے استاد سے بڑی عقیدت تھی۔

احمدیت سے قبل آپ کی شاعری کا وہی رنگ تھا جواس دور کے دوسرے شاعروں کا تھا۔ ان کے کلام میں غزلوں کے علاوہ مسلمانوں کی زبوں حالی، سرسید احمد خان کی تعلیمی سرگرمیوں اور علی گڑھ کالج کی تعریف کے متعلق نظمیں ملتی ہیں لیکن احمدی ہوجانے کے بعد ان کی شاعری کا رنگ یکسر بدل گیا اوراس میں مذہب سے والہانہ عقیدت اور مقصدیت کا عنصر غالب آ گیا۔ مناجات اور طویل نعتیہ قصیدوں کے علاوہ سہرے، مرثیے، غزلیں اور لوریاں لکھیں۔ سلسلہ کی اہم تقریبات اور تحریکات کو منظوم کلام میں پیش کیا۔ مظلوم احمدیوں پر جو زیادتیاں ہوئیں اور انہوں نے جو قربانیاں پیش کیں ان کی تاریخ کو بعد میں آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کیا۔ جماعت کے سالانہ جلسوں کے لئے نظمیں لکھیں جو بہت مقبول ہوئیں۔ اپنے سامعین وقارئین میں ایثار، قربانی اور ادائیگی فرض کو ابھارا۔ مشہور مورخ رئیس احمد جعفری نے اپنی کتاب ’’سیرت محمد علی‘‘ جلد اول صفحہ 26 میں آپ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:۔

’’بہترین شاعر ہیں۔ تغزل میں اپنا رنگ سب سے الگ رکھتے ہیں .... نہایت زندہ دل، ملنسار، شفیق، خلیق اور شوخ طبع بزرگ ہیں .... صحت کو اچھار کھنے کے گر جانتے ہیں، جوانوں سے زیادہ محنت کرتے ہیں .... بڑے بااصول اور پابند وضع آدمی ہیں‘‘۔

آپ کے کلام کا ایک حصہ ’’کلام گوہر‘‘ کے نام سے شائع ہوکر مقبول ہو چکا ہے۔

وفات

تقسیم ملک کے وقت آپ دہلی میں تھے۔ جہاں سے ہجرت کرکے بخیروعافیت لاہور تشریف لے آئے۔ اس وقت آپ کی عمر 80 سال کے لگ بھگ تھی۔ جسم بھاری ہونے کے باعث چلنا پھرنا دوبھر ہو گیا۔ گھٹنوں میں درد رہتا۔ اس طرح وہ کمزوری کا شکار ہوتے چلے گئے یہاں تک کہ آخری وقت آ گیا اور 26 فروری 1954ء کو بعمر 86ء سال مولائے حقیقی سے جا ملے۔ حضرت مصلح موعود نے رتن باغ میں نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کا ارشاد فرمایا۔ اس کے بعد آپ کی نعش مبارک کو ربوہ کے بہشتی مقبرہ میں لے جا کر سپرد خاک کر دیا گیا۔ آپ کا وصیت نمبر 75 تھا۔ جس سے ظاہر ہے کہ آپ اولین موصیوں میں سے تھے۔

اولاد

آپ نے چار شادیاں کیں لیکن ایک وقت میں دو بیویاں رہیں۔ چار بیویوں سے دو درجن کے قریب بچے پیدا ہوئے جن میں سے بعض کم عمری میں ہی فوت ہوگئے۔

آپ کے ایک فرزند مولانا عبدالمالک خان صاحب کو خدا کے فضل سے سلسلہ کی بہت خدمات کی توفیق عطا ہوئی۔ ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ کے طور پر سالہا سال خدمات بجالاتے رہے اوراپنے فرائض کی ادائیگی میں ہی اپنی جان جان آفریں کے سپرد کی۔

آپ کے ایک اور فرزند ممتاز علی خان صاحب کو قادیان میں درویشی کی زندگی بسر کرنے کی سعادت عطا ہوئی۔ آپ کے فرزند پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب ایم۔ ایس۔ سی تھے۔ آپ بھی واقف زندگی تھے۔ مجلس وقف جدید کے ممبر تھے۔ مجلس کارپرداز کے سیکرٹری بھی رہے۔ مجلس انصاراللہ کے سالہا سال قائد اور پھر نائب صدر رہے۔

حضرت خان صاحب ذوالفقارعلی خان کی شخصیت کے کئی پہلو تھے اور ہر پہلو نہایت حسین تھا۔ خدا نے انہیں قبول احمدیت کی نعمت سے نوازا۔ دولت، عزت، مردانہ حسن، پاکیزہ اخلاق، شگفتہ مزاجی، ادبی ذوق، دین کا علم وفہم، اولاد سب کچھ عطا کیا۔ آج یہ شخصیت ربوہ کے بہشتی مقبرہ میں ابدی نیند سو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کو اپنے محبوب کے مبارک قدموں میں جگہ دے۔ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اپنے جوار رحمت میں مدام رکھے۔ آمین ثم آمین۔

سب سے کم آبادی والا براعظم

براعظم آسٹریلیا آبادی (مارچ 1990ء) 17000000 (دنیا کی کل آبادی کا 0.2 فیصد)

محترم حافظ قدرت اللہ صاحب سابق مربی انڈونیشیا

انڈونیشیا میں اسلام کی آمد

اس امر کی تحقیق کے لئے کہ اسلام انڈونیشیا میں کب آیا، ہمیں اس مسئلہ کو دو حصوں میں تقسیم کرنا پڑے گا:۔

اول۔ یہ کہ انڈونیشیا اسلام سے کب متعارف ہوا۔

دوم۔ یہ کہ انڈونیشیا میں اسلام کی ترقی اور اس کے پھلنے پھولنے کا وقت کب آیا۔

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ اسلام کی ابتداء یہاں مسلمان تاجروں کے ذریعہ سے ہوئی جو ملک عرب یا اس کے زیر اثر ممالک سے یہاں تجارت کی غرض سے آئے یا یہاں سے ان کا گزر رہوا۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام کا وجود اول اول ساحلی علاقوں یعنی بندرگاہوں میں نظر آیا۔ یہ زمانہ تعارفی زمانہ تھا۔ مگر اسلام کو یہاں ترقی دینے اور پھیلانے کا سہرا بعد میں سراسر ہندوستانی گجراتی تاجروں کے سر ہے۔ جو اول اول تو تجارت کی غرض سے آئے مگر پھر انہوں نے اسلام کی اشاعت اور تبلیغ کو ہی اپنا اولین مقصود قرار دے لیا۔ یہ بعد میں آنے والے لوگ پہلے آنے والے لوگوں سے اپنے نظریات، مقصد اور علم و فہم میں لازماً مختلف تھے۔

اسلام کی ترقی اس ملک میں چونکہ سراسر تبلیغی مساعی کے نتیجہ میں عمل میں آئی ہے اس لئے اسلام کی آمد کا زمانہ کافی لمبا چلتا ہے اور کئی سو سال پر پھیلا ہوا ہے۔ اس لئے اس کی آمد کو کسی خاص وقت کے ساتھ مخصوص کرنا کسی قدر تشریح طلب ہوگا۔ کیونکہ جس طرح اسلام سے متعارف ہونے کا زمانہ کافی لمبا ہے۔ اسی طرح اس کی ترقی اور پھیلنے کا عرصہ بھی کم وبیش تین سو سالوں پر حاوی ہے۔

عام طور پر تاریخی کتب میں اسلام کا ذکر اس وقت سے آنے لگا ہے جبکہ اسلام کو اس ملک میں کچھ رسوخ یا اقتدار حاصل ہونا شروع ہوا۔ اس سے قبل کے حالات کچھ اندھیرے میں ہیں اور ان کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے ہمیں اپنے معلومات کی بنیاد قیاسات یا بعض آثار قدیمہ وغیرہ پر رکھنی پڑتی ہے۔ جہاں تک پرانے تجارتی قافلوں کے گزرنے اور ان کی آمد و رفت کا تعلق ہے یہ بات یقینی ہے کہ مسلمان عرب تاجروں کا تعلق عرصہ دراز سے کسی نہ کسی رنگ میں اس ملک کے ساتھ ضرور تھا اور اسے دوسری صدی ہجری تک بھی ممتد کیا جا سکتا ہے۔ یعنی آٹھویں صدی عیسوی کا وسطی زمانہ مگر اسلام کی اشاعت اور ترقی جو اپنے عروج کو پہنچی ہے وہ سولہویں صدی عیسوی کا زمانہ ہے۔ جبکہ اس ملک میں ہندوراج کا خاتمہ ہوا (1576ء) اس وقت متعدد راجے اور حکمران یہاں مسلمان تھے۔ 1568ء میں بھی ایک حکمران حسن الدین کا ذکر خصوصیت سے تاریخی کتب میں ہے اور لکھا ہے کہ مغربی جاوا میں اس کے ذریعہ سے اسلام کو کافی ترقی ہوئی۔

مشرقی جاوا کی ایک بندرگاہ گریسک کے علاقہ میں ایک روایت کی بناء پر 1523ء میں تیس ہزار کے قریب مسلمانوں کا وجود ثابت ہے۔ اسی طرح شمالی سماٹرا کے علاقہ میں بھی ایک مسلمان حکمران جس کا نام Ali Mugajat Shah (1514-28ء) تھا۔ جس کے متعلق لکھا ہے کہ اس کی جھڑپیں اکثر پرتگالیوں کے ساتھ ہوتی رہتی تھیں جو اس وقت ملاکا (ملایا) پر قابض تھے۔ اس امر کا بیان کرنا غیر ضروری نہ ہوگا کہ پرتگالیوں کی کوشش ہمیشہ سے یہ رہی ہے کہ وہ مسلمانوں کی اور یہاں کے لوگوں کی تجارت کو نقصان پہنچائیں اور اگر ممکن ہو تو اسے بالکل ہی مٹا دیں۔

پرتگالیوں کی آمد مشرق بعید کے ان علاقوں میں 1509ء میں ہوئی اور 1511ء میں وہ ملاکا پر قابض ہوگئے۔ اس زمانہ میں ملاکا بین الاقوامی تجارت کا مرکز تھا اور مسلمان تاجروں کی آماجگاہ تھا۔ پرتگالیوں کے قبضہ کی وجہ سے مسلمانوں کے لئے یہاں کی تجارت کے حالات سخت ناسازگار ہوگئے۔ ملاکا کے تاجروں کا ایک معتدبہ حصہ مشرقی جاوا سے جا کر وہاں آباد ہوا تھا۔ ان مہاجرین کو مجبوراً پھر اپنے وطن کو واپس لوٹنا پڑا۔ ان تاجروں کا ایک حصہ شمالی سماٹرا کے علاقہ میں بھی چلا گیا۔ ملاکا میں اسلام چونکہ دیر سے موجود تھا اس لئے یہ تاجر جب اپنے وطن کو واپس لوٹے تو اپنے ساتھ اسلام بھی لے گئے۔ جس کے ذریعہ جاوا اور سماٹرا میں اسلام کو کافی فروغ اور تقویت حاصل ہوئی۔

ملاکا کے متعلق تاریخی کتب میں ذکر ہے کہ چین کو جانے والے عرب اور ہندی قافلوں کا گزر راسی آبنائے ملاکا سے ہوتا تھا۔ اور یہ جگہ چونکہ ہوائی رخ پر ٹھیک بیٹھتی تھی اس لئے اس مقام کو تجارتی لحاظ سے بہت اہمیت حاصل تھی۔ یہی وجہ ہے کہ مشرق بعید میں اول اول یہی علاقہ اسلام سے متعارف ہوا اور اس کا اثر لازمی طور پر شمالی سماٹرا پر بھی پڑا جو اس کے بالکل قریب پڑتا تھا۔ لکھا ہے کہ 1409ء میں ملاکا کا بیشتر حصہ مسلمان ہو چکا تھا۔

پندرہویں صدی عیسوی بھی ایسی ہے جس کے حالات ایک حد تک سولہویں صدی کے ساتھ ملتے ہیں۔ بعض علاقوں میں مسلمان حکمرانوں کی ابتداء ہو چکی تھی۔ نیز اس کے علاوہ جاوا میں اسلامی جدو جہد اور تبلیغ ایک منظّم صورت میں زور وشور کے ساتھ جاری تھی۔ اس ضمن میں تاریخی کتب میں 9 ولیوں کا ذکر خاص طور پر کیا جاتا ہے۔ جن کی ان تھک متحدہ اور مخلصانہ کوششوں سے جاوا میں اسلام کو فروغ حاصل ہوا۔ ان ولیوں کا ذکر تمام تاریخی کتب میں ہے۔ انہوں نے اپنا ایک مرکز بنایا (ڈمک وسطی جاوا) وہاں ایک عظیم الشان مسجد تعمیر کی۔ اس جگہ وہ اکثر اکٹھے ہوا کرتے تھے اور باہم مشورہ سے تبلیغی ترقی کے ذرائع سوچا کرتے تھے۔ انہی ولیوں میں ایک ممتاز شخصیت ملک ابراہیم المعروف مولانا المغربی ہیں۔ جن کی وفات 1419ء میں ہوئی اور آپ مشرقی جاوا کے مقام گریسک میں مدفون ہوئے۔

چودہویں صدی کا زمانہ ایسا ہے جس میں یہاں کی تبلیغ نسبتاً خاموش اور انفرادی رنگ کی تھی۔ اس وقت شمالی سماٹرا میں مسلمانوں کو کچھ اقتدار حاصل ہو چکا تھا مگر اسے کوئی بہت بڑی اہمیت حاصل نہ تھی۔ تاہم وہاں ایک نہایت امید افزاء رنگ میں اسلام کی ابتداء ہو چکی تھی اور اسلام وہاں دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کی منازل طے کر رہا تھا۔

ابن بطوطہ کا اس جگہ (شمالی سماٹرا میں) آنا بھی تاریخ سے ثابت ہے۔ اس نے اپنے سفرنامہ میں یہاں کے مسلمان حکمران کی تعریف کی ہے اور لکھا ہے کہ اس کے دربار میں علماء کو ایک خاص وقعت حاصل ہے اور انہیں بادشاہ کے دائیں جانب جگہ دی جاتی ہے اور علماء کو بھی کثیر الجہاد کے لفظ سے یاد کیا ہے اور بعض اور صفات کا بھی ذکر کیا ہے۔ نیز لکھا ہے کہ اس وقت کے بادشاہ نے اسلام کی کافی خدمت کی ہے۔ ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں شاہی گھرانہ کی ایک شادی کا بھی خاص طور پر ذکر کیا ہے جس میں وہ خود شریک ہوا تھا۔ اس کی آمد کا زمانہ پورے طور پر معین نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم 1350ء کے قریب قرار دیا جا سکتا ہے۔ ابن بطوطہ نے لکھا ہے کہ اس وقت بعض اچھے عہدوں پر ایرانی متعین تھے۔

چودہویں صدی عیسوی میں گجرات (انڈیا) مسلمانوں کا ایک اہم مرکز بن چکا تھا اور وہاں کے مسلمان تاجروں کی راہ و رسم کثرت کے ساتھ جاوی تاجروں کے ساتھ تھی اور اس طرح جاوا میں اسلام کا نام کافی وسعت کے ساتھ پھیلنا شروع ہوگیا تھا۔ یہ کوششیں زیادہ تر انفرادی رنگ کی تھیں اور خاموش تھیں۔ مشرقی جاوا کی بندرگاہ توبان ان دنوں کافی ترقی پر تھی اور اس کے ساتھ ساتھ وہاں کی ایک دوسری بندرگاہ گریسک کو بھی کافی عروج حاصل ہوا۔ ان دونوں بندرگاہوں اور مقامات کا ذکر اسلام کی ترقی کے ساتھ خاص طور پر اہمیت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ ملاکا کی تجارت بھی کافی زوروں پر تھی۔ اور ان دونوں تجارتی مراکز کا آپس میں گہرا رابطہ تھا۔

تیرہویں صدی ایسا زمانہ ہے جس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ قابل ذکر رنگ میں اسلام کی ابتداء مسلمانوں کا خاص طور پر اس ملک میں آنا اور یہاں قیام کرنا اس صدی میں ظہور میں آیا۔ دراصل

اسی صدی میں ان گہرے تعلقات کی ابتداء خاص طور پر وقوع میں آئی جو بعد میں عظیم الشان رنگ میں ظاہر ہوئے۔ شمالی ساٹرا کے متعلق تو وثوق سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ تیرھویں صدی عیسوی کے آخر میں وہاں مسلمانوں کے اثر ورسوخ کی ابتداء ہو چکی تھی۔ پرانی قبروں کے آثار سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہاں ایک قبر سلطان ملک الصالح کی ہے جن کی وفات 635 ہجری یعنی 1297 عیسوی میں ہوئی۔ نیز گمان کیا جاتا ہے کہ سَمُدرا کی مشہور اسلامی بندرگاہ (جس کا ذکر اسلامی تاریخ کے ساتھ وابستہ ہے) اسی بادشاہ نے آباد کی ہو۔ شمالی ساٹرا کی یہ وہی بندرگاہ ہے جس کا ذکر ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں کیا ہے اور بادشاہ وقت کی تعریف بھی کی ہے۔ نیز ابن بطوطہ نے ذکر کیا ہے کہ یہاں پر اسلام چونکہ گجرات (انڈیا) سے آیا ہے اس لئے عام مشارکت پر ابھی ہندو اثر غالب ہے۔

جاوا کی بندرگاہوں میں بھی اس زمانہ میں مسلمانوں کا وجود ثابت ہے اور اس کے آثار ملتے ہیں۔ مگر چونکہ ابھی وہ کسی شمار میں نہیں تھے اس لئے عام تاریخی کتب میں اس زمانہ کے مسلمانوں کا کوئی خاص چرچا یا ذکر نہیں ہے تاہم ان کے وجود کو بہر رنگ تسلیم کیا گیا ہے جس سے انکار کی گنجائش نہیں۔

اسی تیرھویں صدی کے آخر میں شمالی ساٹرا میں، اطالوی سیاح مارکوپولو چین سے ایران جاتے ہوئے 1292ء میں یہاں سے گزرا سَمُدرا کی بندرگاہ میں (جس کا ذکر اوپر آ چکا ہے) کوئی 5 ماہ قیام کیا۔ اس لمبے قیام کا سبب دراصل ہوائی رخ کا انتظار تھا جو اس کے سفر کے لئے ضروری تھا۔ لکھا ہے کہ اس کی آمد کے وقت سمدرا کے لوگ تو مسلمان نہ تھے (ممکن ہے صرف ایک حصہ ہی ابھی اسلام لایا ہو) مگر وہاں کی ایک اور بندرگاہ Perlok مسلمان تھی۔ مگر لکھا ہے کہ مارکوپولو کی آمد کے بعد چند ہی سالوں میں یعنی 1297ء تک سَمُدرا کے لوگ بھی سارے کے سارے اسلام قبول کر چکے تھے۔

ایک مشہور انڈونیشین شخصیت حاجی آ گوسالم ہیں انہوں نے بھی گہری تحقیق کے بعد اس نتیجہ کا اظہار کیا ہے کہ اس میں کچھ شک نہیں کہ انڈونیشیا کے تعلقات مسلمان تاجروں کے ساتھ بہت پرانے ہیں۔ لیکن اگر صحیح رنگ میں دیکھا جائے تو اسلام پھیلنے کی واضح اور واقعی ابتداء کا زمانہ تیرھویں صدی عیسوی کا ابتدائی زمانہ (یعنی چھٹی صدی ہجری) ہی قرار پاتا ہے۔

ایک ڈچ مورخ ستوتر ہیم (Stuter heim) اپنی کتاب De Islam in Indonesia میں لکھتا ہے کہ شمالی ساٹرا میں اسلام کی ابتداء 1196ء میں ہو چکی تھی۔

ان مذکورہ واقعات اور بیانات کی روشنی میں ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ اسلامی تبلیغی مساعی کا آغاز دراصل بارھویں صدی کے آخر یا تیرھویں صدی کے شروع میں ہوا۔ یعنی چھٹی صدی ہجری میں۔ اس سے قبل کا زمانہ محض تعارفی رنگ کا زمانہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ جس میں مسلمانوں کے آنے جانے یا گزرنے کا مقصد صرف تجارت تھا نہ کہ اسلام کی اشاعت۔ اس تعارفی زمانہ کی ابتداء دوسری صدی ہجری تک بھی قیاس کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ حاجی آ گوسالم نے بھی اپنی تحقیق میں اس کی ابتداء کو 758ء تک ممتد کیا ہے۔ جس کی تفصیل یوں بیان کی جاتی ہے کہ تاریخ سے 758ء میں چین کی بندرگاہ کینٹن میں عربوں کی تجارت کا پتہ چلتا ہے۔ نیز لکھا ہے کہ اس کے کچھ وقت بعد ملک چین میں گڑ بڑ ہوئی تو یہ تجارت بند ہو گئی اور مسلمان بھی وہاں سے غائب ہو گئے۔ یہ علم نہیں ہو سکا کہ وہ مسلمان کہاں چلے گئے۔

اس کے بعد 9ویں صدی میں پھر تجارت شروع ہو گئی۔ اور اس دفعہ پہلے سے زیادہ منظم رنگ میں تھی۔ چنانچہ کینٹن میں مسلمانوں کی ایک منظم صورت کا پتہ چلتا ہے۔ ایک امام الصلوٰۃ اور قاضی کا تقرر بھی ثابت ہے۔ لیکن 880ء میں حالات کچھ ایسے پیدا ہوئے کہ مسلمانوں کی یہ تجارت منقطع ہو گئی اور وہ تجارتی قافلے جو عرب سے چین آیا کرتے تھے وہ ملایا کی ایک بندرگاہ Kedahr تک ہی رہ جانے لگے۔ قریباً یکصد سال تک یہی حالت رہی۔

دسویں صدی میں (971ء) چین کے بادشاہ نے پھر غیر ملکی تاجروں کو اپنے ملک میں آنے کی دعوت دی اور بعض نئی مراعات کا وعدہ بھی کیا۔ چنانچہ پھر مسلمانوں کی تجارت شروع ہوئی اور پہلے سے زیادہ منظم رنگ میں۔ اس تیسرے دور میں مسلمانوں کو بادشاہ کے دربار میں بھی رسائی ہوئی اور عزت بھی دی جانے لگی۔ یہ دور پھر کافی لمبا چلا۔ چنانچہ لکھا ہے 1178ء میں چین کی تجارت سب سے زیادہ عرب ممالک کے ساتھ تھی اور دوسرے نمبر پر جاوا اور پھر ساٹرا تھے۔ نیز لکھا ہے کہ اسی صدی میں جاوی لوگ خاص طور پر عربوں کے ساتھ متعارف ہوئے۔ یہ واقفیت جہاں ایک طرف ملک چین میں بہم پہنچی وہاں خود اس ملک میں بھی بہت سے ایسے مواقع پیدا ہوگئے جن سے آپس کے تعلقات اور میل جول میں ترقی پیدا ہوئی۔ اس زمانہ کے تجارتی قافلوں کے لئے ہفتوں لمبے سفر کے بعد ایسی جگہوں کی تلاش اور وہاں پر قیام ایک ضروری امر معلوم ہوتا ہے جہاں سے وہ کھانے پینے کی اشیاء فراہم کر کے اگلی منزل کے لئے روانہ ہو سکیں۔ اس غرض کے لئے راستہ میں وہ انڈونیشیا کی بندرگاہوں میں ضرور ٹھہرتے۔ نیز اس کے علاوہ ہوائی رخ کے انتظار میں بعض دفعہ انہیں کسی قدر لمبا عرصہ بھی ٹھہرنا پڑ جاتا جس کے لئے ملاکا اور شمالی ساٹرا کے حصے خاص طور پر اہم اور قابل ذکر ہیں۔ ان ملاقاتوں کے نتیجہ میں ان کے تجارتی تعلقات بھی بڑھے اور ساتھ ساتھ مذہب اسلام سے شناسائی بھی ہوئی۔ اور آہستہ آہستہ تبلیغ سے مفید نتائج بھی برآمد ہونے لگے۔

اس زمانہ میں مسلمانوں کے اس ملک میں آنے جانے کا ثبوت المسعودی کی کتاب Murudjal Dz ahal سے بھی ملتا ہے۔ انہوں نے اپنی کتاب میں جاوا کے بعض حکمرانوں کا ذکر خاص طور پر کیا ہے۔ یہ سیاح 957ء یعنی 246 ہجری میں فوت ہوئے۔

اس روایت کی رو سے دسویں صدی کے وسط میں مسلمانوں کا یہاں آنا جانا بیّن طور پر ثابت ہے۔

اس سے قبل کے زمانہ میں مسلمانوں کے ساتھ تعلقات اور ایک دوسرے سے متعارف ہونے کا انحصار محض اس نظریہ پر ہے جو تجارتی قافلوں کے ضمن میں اوپر بیان ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ گیارھویں صدی میں مسلمانوں کے یہاں موجود ہونے کا ثبوت بہت حد تک یقینی ہے اور اس کا انحصار بعض آثار قدیمہ پر ہے۔ مشرقی جاوا میں ایک مسلمان عورت مسماۃ فاطمہ بنت مامون کی قبر کا کتبہ ملا ہے جس پر 457 ہجری یا 1082ء کا سن تحریر ہے۔ مورخین نے اسے (جہاں تک مسلمانوں کی آمد کے ثبوت کا تعلق ہے) ایک قدیم ترین ثبوت قرار دیا ہے مگر محققین نے اس رائے کا وثوق کے ساتھ اظہار نہیں کیا کہ یہ مسلمان عورت یہاں مقیم تھی یا اس نے مسافری کی حالت میں وفات پائی۔ لیکن جہاں تک وجود کا سوال ہے یہ امر پورے طور پر مسلم ہے۔

آخر پر اس امر کا اظہار دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ جہاں تاریخ پورے طور پر اس حقیقت کا ساتھ دیتی ہے کہ یہاں کا اسلام ہندوستان کے گجراتی تاجروں کی مخلصانہ مساعی کی بدولت ہے وہاں بعض رائج الوقت قرائن بھی ایسے ہیں جو اس حقیقت کو اور بھی اجاگر کر رہے ہیں۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ عربی کا ابتدائی قاعدہ پڑھنے کا طریق باوجود زبان کے اختلاف کے آج بھی یہاں اسی طرح رائج ہے جیسے ہم ہندوستان میں دیکھتے ہیں مثلاً الف زبر اَ، الف زیر اِ الف پیش اُ۔ بے زبر بَ بے زیر بِ۔ بے پیش بُ۔ پس یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ یہاں پر اسلام گجراتی مسلمانوں کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

اللہ تعالیٰ ان مجاہدین پر اپنی بے شمار رحمتیں نازل فرمائے آمین۔ (ماہنامہ الفرقان نومبر 63ء)

☆......☆......☆

رپورٹ: محمود احمد شاد صاحب

جلسہ مذاہب عالم تنزانیہ

